

روزنامہ ورقِ تازہ
حالاتِ حاضرہ
दैनिक वरक-ए-ताजा
15 April 2025



## فلمستان: بالی وڈ کے پہلے 'سٹار میکر' کا سٹوڈیو جس نے دلیپ کمار اور دیو آنند جیسے ستاروں کو متعارف کروایا

یاسر عثمان



یہ اس وقت کا ذکر ہے جب ہالی وڈ سٹوڈیو سسٹم سے متاثر ہو کر انڈین سینیما کے منظم سٹوڈیو سسٹم میں دراڑیں پڑ گئیں اور پربھات فلم کمپنی اور بومبے ٹاکیز جیسے بڑے فلم سٹوڈیو بند ہو گئے۔ اور پھر دو اور بڑے سٹوڈیو نکل کر سامنے آئے۔ وی شانتا رام کا راج کمل کالا مندر اور ششدھر مکھرجی کا فلمستان۔ یہ دونوں سٹوڈیو بھی راج کپور کے 'آر کے سٹوڈیوز' کی طرح ایک شخص کے تخلیقی خیال پر مبنی تھے۔ جی ہاں آج ہم بات کریں گے فلمستان کے بارے میں، جسے شاید سنیما کی تاریخ میں اتنا یاد نہیں کیا جاتا جتنا اس کا حصہ رہا ہے۔ 'فلمستان' جس کی فلموں کا ایک ہی مقصد تھا، تفریح اور صرف تفریح۔ اس سے قبل ہر سٹوڈیو کی اپنی الگ پہچان تھی۔ جہاں پربھات فلم کمپنی نے افسانوی اور حب الوطنی کی کہانیوں پر مبنی فلمیں بنائیں وہیں بومبے ٹاکیز نے سماجی مسائل کو تفریحی انداز میں پیش کیا۔ اس وقت جب آزادی کی ایک طویل جدوجہد کے بعد انڈیا آزاد ہوا تو جب فلمیں بنیادی طور پر دیہات، سوشلزم اور حب الوطنی جیسے موضوعات پر بنائی جاتی تھیں تاہم ایسے میں فلمستان نے ایک الگ راستہ اختیار کیا۔ انھوں نے ہر قسم کی فلمیں بنائیں لیکن ہر فلم کا ایک ہی مقصد ہوتا تھا اور وہ تھا تفریح۔ رومانس، رقص، موسیقی، سٹائلش کپڑے، شہر کی کہانیاں اور نئے ستاروں کو متعارف کروانا۔ ان تمام چیزوں کی بنیاد جن کے لیے آج بالی وڈ جانا جاتا ہے فلمستان میں رکھی گئی۔

### سشادھر مکھرجی: بالی وڈ کے پہلے 'سٹار میکر'

انارکلی، پیئنگ گیسٹ، شہید، ناگن جیسی بلاک بسٹر فلمیں اسی سٹوڈیو سے بن کر نکلیں۔ دلیپ کمار، دیو آنند، شمی کپور، پردیپ کمار، سادھنا، وجنتی مالا جیسے فلمی ستاروں کی ابتدائی ہٹ فلمیں فلمستان سے ہی تھیں۔ فلمستان نے بہت کامیاب سکرین رائٹر متعارف کروائے اور ناصر حسین، نتن بوس اور رمیش سہگل کے کیریئر کو بھی بلندیوں پر پہنچایا۔ فلمی افق پر روشن سپر سٹارز کو بنانے والوں کے نام اکثر پس منظر میں ہی گم رہتے ہیں۔ پردے کے پیچھے فلمستان کے سربراہ سشادھر مکھرجی بھی ایسی ہی ایک شخصیت تھے جنھوں نے دلیپ کمار، دیو آنند، پردیپ کمار، وجنتی مالا اور شمی کپور جیسے سپر سٹارز کا کیریئر بنایا اور انھیں آسمان کی بلندیوں تک لے گئے۔ صحیح معنوں میں وہ بالی وڈ کے پہلے 'سٹار میکر' تھے۔

### فلمستان کیسے بنا؟

1940 میں جب دیویکا رانی نے بمبے ٹاکیز کی باگ ڈور سنبھالی تو جلد ہی سٹوڈیو کا ماحول بدل گیا اور واضح دراڑیں پڑنا شروع ہوگئیں۔ اس دوران وہاں دھڑے بندی تیز ہوگئی اور ہمانشو رائے کے قریبی ساتھی ششدھر مکھرجی نے بغاوت کر دی۔ ان کے ساتھ بمبے ٹاکیز کے سب سے بڑے سٹار اشوک کمار بھی تھے جو سشادھر کے بہنوئی بھی تھے۔ سٹوڈیو کی سب سے کامیاب فلم 'قسمت' کے ہدایت کار گیان مکھرجی بھی ان کے ہمراہ شامل ہو گئے۔ یہ تینوں اپنے ساتھ کچھ اور لوگوں کو لے کر سٹوڈیو سے نکل گئے۔ بمبے ٹاکیز اس دھچکے سے کبھی نہیں نکل سکا اور چند سال بعد بند ہوگیا۔ لیکن 1943 میں سشادھر مکھرجی نے اپنی ٹیم کے ساتھ مل کر ایک نیا سٹوڈیو فلمستان شروع کیا۔ پہلے یہاں 'شاردا' سٹوڈیو ہوا کرتا تھا، جو آگ لگنے سے تباہ ہوگیا۔ فلمستان نے وہی جگہ ممبئی کے گرگاؤں ویسٹ میں لی۔ تقریباً پانچ ایکڑ پر پھیلا یہ اسٹوڈیو وقت کی تباہ کاریوں کو سہتے ہوئے آج بھی موجود ہے۔ اس میں سات شوٹنگ فلور، ایک شیو مندر اور ایک سرسبز و شاداب باغ بھی ہے، جسے آپ نے ہزاروں فلموں میں دیکھا ہوگا۔ فلمستان کے مرکزی ستون سشادھر مکھرجی تھے، ہدایت کار گیان مکھرجی تھے اور معروف سٹار اشوک کمار تھے۔ اس کے مالیاتی انتظام کی ذمہ داری چنی لال کوہلی کو دی گئی جو بمبئی ٹاکیز سے ان کے ساتھ آئے تھے اور عظیم موسیقار مدن موہن کے والد تھے۔ فلمیں بنانے کا ماڈل زیادہ تر بمبے ٹاکیز سے لیا گیا تھا۔ فلمستان کی پہلی فلم 'چل چل رے نوجوان' (1944) تھی جس کی ہدایت کاری گیان مکھرجی نے کی تھی اور اس میں اشوک کمار اور نسیم بانو نے اداکاری کی تھی لیکن یہ پہلی فلم بری طرح فلاپ ہوگئی۔ فلمستان کی ابتدائی فلموں میں سے ایک اور فلم 'آٹھ دن' (1946) تھی جو کامیاب نہیں ہوسکی لیکن اسے اس مناسبت سے یاد کیا جاتا ہے کہ اردو کے مشہور ادیب سعادت حسن منٹو نے نہ صرف اس کی تحریر میں حصہ ڈالا بلکہ اس میں فضائیہ کے ایک افسر کا کردار بھی ادا کیا۔ یہ وہ وقت تھا جب بنگالی سینیما کا سنہری دور اختتام کی جانب جا رہا تھا اور اس کے بڑے نام بمبئی فلم انڈسٹری کا رخ کر رہے تھے۔ فلمستان نے اس موقع سے فائدہ اٹھایا۔ پہلے ڈائریکٹر نتن بوس آئے اور پھر ایک میوزک کمپوزر آئے جنھوں نے فلمستان سے شروعات کی اور ہندی سنیما کے سب سے بڑے میوزک کمپوزر ایس ڈی برمن کے طور پر نام کمایا۔ نتن بوس نے اگلی فلم مزدور کی ہدایت کاری کی تاہم لیکن فلم شکاری (1946)، جس کی موسیقی ایس ڈی۔ برمن نے ترتیب دی تھی، بہت کامیاب رہی اور بلاآخر سٹوڈیو کامیاب قرار پایا۔ سشادھر مکھرجی نے جان لیا تھا کہ اچھے گانے اور موسیقی فلم کی کامیابی کی ضمانت ہوتے ہیں۔ اس لیے ایس ڈی برمن کے بعد سی رام چندر اور ہیمنت کمار بھی فلمستان سے جُڑ گئے۔ اس سٹوڈیو کی موسیقی کی نشستیں اس وقت انڈسٹری میں کافی مشہور تھیں اور یہاں بننے والی فلموں میں سات آٹھ گانوں کا ہونا معمول کی بات تھی۔ بنکم چندر چٹرجی کے 1950 میں لکھے گئے بندے ماترم کو انڈیا کا قومی ترانہ بنایا گیا تھا لیکن یہ حیرت انگیز ترانہ دو سال بعد اپنے حقیقی معنوں میں پورے ملک میں جگہ بنا گیا جب ہیمنت کمار نے 1952 میں فلمستان میں اسے کمپوز کیا تھا۔

### دلیپ کمار: فلمستان کے سٹار

اور پھر وہ وقت آیا جب 1946 میں بعض اختلافات کی وجہ سے اشوک کمار نے فلمستان چھوڑ دیا اور واپس بمبے ٹاکیز چلے گئے اور وہاں کچھ ہٹ فلمیں بنائیں۔ لیکن ان کے بعد فلمستان کو ایک نئے اور بڑے سٹار کی ضرورت تھی۔ ایک سال بعد دلیپ کمار اور کامنی کوشل کی فلم 'ندیا کے پار' فلمستان میں ہٹ ہوگئی لیکن اصل ہلچل ان کی 1948 میں ریلیز ہونے والی فلم 'شہید' نے پیدا کی جو اس سال کی سب سے کامیاب فلم ثابت ہوئی۔ اس کے بعد کامنی کوشل کے ساتھ فلمستان کے لیے ان کی تیسری فلم شبنم بھی ہٹ رہی۔ فلمستان کے علاوہ دلیپ کمار نے دیگر پروڈیوسرز کے ساتھ مل کر میلہ اور انداز جیسی سپرہٹ فلمیں بھی دیں۔ ان دو سالوں نے دلیپ کمار کو ہندی سنیما کے سب سے بڑے سٹار اداکار کے طور پر متعارف کروایا۔

### جب سشادھر مکھرجی نے فلمستان سٹوڈیو چھوڑا

ایک اہم موڑ اس وقت آیا جب 1950 میں، سشادھر مکھرجی نے سٹوڈیو میں اپنے حصص ایک تاجر تولارام کے ہاتھوں فروخت کر دیے۔ یہ وہ وقت تھا جب ممبئی میں ایک کے بعد ایک سٹوڈیو بند ہو رہا تھا۔ کئی سال تک فلمیں بنانے کے بعد وہ تھک چکے تھے اور بریک لینا چاہتے تھے۔ وہ انگلینڈ چلے گئے اور تولارام فلمستان کے چیف پروڈیوسر بن گئے لیکن ان کی بنائی ہوئی فلمیں نہیں چل سکیں۔ تولارام سمجھ گئے کہ فلمیں دوسرے کاروبار سے مختلف ہیں۔ فلمستان میں سشادھر مکھرجی کے تخلیقی خیالات کی کمی تھی۔ آخر کار سشادھر مکھرجی واپس آگئے اور ان کے ساتھ فلمستان کی کامیابی بھی لوٹ آئی۔

### پردیپ کمار کو سٹار بنایا گیا

1953 میں بننے والی انارکلی نے ایک نئے ہیرو پردیپ کمار کو متعارف کروایا۔ انارکلی اس سال کی سب سے کامیاب فلم تھی۔ وہ کہانی جس پر کے آصف نے سات سال بعد مغل اعظم بنائی۔ انارکلی کے ساتھ ایک اور ستارہ پیدا ہوا۔ یہ سکرپٹ رائٹر ناصر حسین تھے جو بعد میں بالی وڈ کے بہت کامیاب پروڈیوسر ڈائریکٹر بن گئے۔ پردیپ کمار کے ساتھ ہیرو کے طور پر بنائی گئی اگلی فلم ناگن (1954) تھی جو اس سال کی سب سے بڑی بلاک بسٹر تھی اور اس نے پردیپ کمار کو سٹار بنا دیا۔ اداکارہ وجنتی مالا کی پہلی کامیاب ہندی فلم بھی ناگن تھی۔ ناگن کے گانے بہت ہٹ ہوئے اور اس کی 'ناگن دھن' آج بھی امر ہے۔ یہاں تک کہ ملک کے سانپ پالنے والے بھی اپنی بانسری پر ایک ہی دھن بجاتے ہیں۔ خاص بات یہ ہے کہ فلم کے لیے وہ دھن بین پر نہیں بلکہ کلیولین نامی ایک آلے پر بجائی گئی تھی۔ 1954 فلمستان کا سنہری سال تھا۔

### شہری زندگی کی فلمیں

تقسیم کے بعد ایک وقت ایسا آیا جب انڈیا میں دیہاتوں اور چھوٹے شہروں سے لوگ کام کی تلاش میں بڑے شہروں کا رخ کرنے لگے۔ شہروں کے سینیما میں جدوجہد، خواب، رومانس اور کامیابی کی نئی کہانیاں ابھرنے لگیں۔ سشادھر مکھرجی بھی ایسی کہانیوں پر مبنی تفریحی اور تجارتی فلمیں بنانا چاہتے تھے۔ اس کی شروعات دیو آنند کے اکاؤنٹنٹ سے ہوئی۔ یہ فلم ناصر حسین نے لکھی تھی اور اس کی ہدایت کاری سشادھر کے چھوٹے بھائی نے کی تھی۔ فلم ہٹ رہی اور اگلی فلم میں بھی یہی ٹیم تھی اور ہیرو بھی دیو آنند تھے۔ اس بار نہ صرف تھیم شہری تھی بلکہ فلم کا نام بھی انگریزی میں 'پیئنگ گیسٹ' تھا۔ اس وقت یہ بالکل نئے انداز کی فلم تھی اور بہت ہٹ ہوئی تھی۔ کشور کمار اور آشا بھوسلے کے گائے ہوئے گیت آج تک لوگوں کو ازبر ہیں۔ اسی سال مصنف ناصر حسین کو فلمستان کی اگلی فلم 'تمھیں نہیں دیکھا' سے ہدایت کار بننے کا موقع ملا۔ ہیرو کے کردار کے لیے دیو آنند سے رابطہ کیا گیا۔ کسی وجہ سے انھوں نے انکار کر دیا اور پھر فلم کے ہیرو شمی کپور تھے جو اس وقت تک انڈسٹری میں جدوجہد کر رہے تھے اور اس بلاک بسٹر میوزیکل فلم سے انھیں پہلی بڑی کامیابی ملی۔ لیکن اس فلم کے ساتھ ہی سٹوڈیو کی قسمت ایک بار پھر بدل گئی۔ یہ فلم فلمستان کی آخری ہٹ فلم ثابت ہوئی۔ تولارام اور سشادھر مکھرجی کے درمیان کچھ ایسا ہوا جس کے بعد مکھرجی نے ایک بار پھر فلمستان چھوڑ دیا۔ اس بار وہ واپس نہیں آئے۔ ان کے بعد کئی فلمیں بنیں لیکن ان میں وہ چیز نہیں تھی جو پچھلی ٹیم کی بنائی گئی فلموں میں تھی۔ 1943 سے 1957 تک سشادھر مکھرجی نے فلمستان کے لیے 27 فلمیں بنائیں جن میں سے 19 ہٹ ہوئیں۔ ایک ایسے وقت میں جب سٹوڈیوز عام طور پر اداکار اور ہدایت کار (راج کپور، وی شانتارام) چلاتے تھے، سشادھر مکھرجی نے خود کو ایک پروڈیوسر کے طور پر منوایا۔ انھوں نے نہ صرف فلمیں بنائیں بلکہ کئی ستارے بھی متعارف کروائے اور فلمستان سٹوڈیو کو آسمان کی بلندی پر پہنچایا۔

### مکھرجی خاندان

مکھرجی کے خاندان کا شمار فلم انڈسٹری کے ممتاز خاندانوں میں ہوتا ہے اور وہ آج تک فلموں سے وابستہ ہیں۔ مکھرجی کے چھوٹے بھائی فلم ڈائریکٹر سبودھ مکھرجی اور فلم پروڈیوسر پربودھ مکھرجی تھے۔ سشادھر کے چار بیٹے تھے جن کے نام جوئے مکھرجی، دیب مکھرجی، شومو مکھرجی اور شیر مکھرجی ہیں۔ دیب مکھرجی کے بیٹے آیان مکھرجی آج ایک کامیاب ہدایت کار ہیں۔ شومو کی بیٹی اداکارہ کاجول ہیں۔ سشادھر کے بڑے بھائی فلموں میں

## وقف' ایک مقدس امانت، جسے بااثر لوگوں نے غصب کرلیا

تنزیل صدیقی، میرا روڈ، ممبئی

اسلام کا نظام فلاح و بہبود دنیا کے تمام نظاموں سے منفرد اور بامقصد ہے۔ اسی نظام کا ایک اہم ستون "وقف" ہے، جس کا تصور قرآن وسنت کی روشنی میں صرف فلاحی مقاصد کے لیے مخصوص کیا گیا ہے۔ وقف کا اصل مقصد غریبوں، یتیموں، بیواؤں، طلبہ، مسافروں اور بیماروں کی مدد کرنا ہے، لیکن افسوس! آج یہی مقدس ادارہ بدعنوانی، مفاد پرستی اور ناجائز قبضوں کی بھینٹ چڑھ چکا ہے۔

### وقف: عبادت اور صدقۂ جاریہ

اسلام میں وقف محض عطیہ یا خیرات نہیں بلکہ ایک جاری صدقہ ہے یعنی ایسی نیکی جو انسان کے مرنے کے بعد بھی جاری رہتی ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے خیبر کی زمین کو وقف کیا تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "اصل مال کو روک لو اور اس کی آمدنی اللہ کی راہ میں خرچ کرو" (صحیح بخاری) اسی اصول پر دینی مدارس، یتیم خانے، مساجد، مسافر خانے، طبی مراکز، اور علمی ادارے قائم ہوئے، جو صدیوں تک ملت کے لیے نعمت بنے رہے۔

### بدعنوانی اور ناجائز قبضے—امانت میں خیانت

بدقسمتی سے آج ملک بھر میں لاکھوں ایکڑ وقف زمینیں، دکانیں، عمارتیں اور جائیدادیں ایسے لوگوں کے قبضے میں ہیں جو یا تو بااثر سیاستدان ہیں، یا جعلی متولی، یا مذہب کے نام پر عوام کو گمراہ کرنے والے مفاد پرست۔ وقف بورڈ کی فائلوں میں جن جائیدادوں کا مصرف یتیموں، بیواؤں، اور مستحقین کے لیے لکھا ہے، وہ حقیقت میں: تجارتی پلازہ، ہوٹل، اور گودام بن چکے ہیں۔ سستے داموں ذاتی مفاد کے لیے فروخت ہو چکے ہیں۔ جعلی دستاویزات پر غیر متعلقہ افراد کو الاٹ ہو چکے ہیں۔

### قرآن و حدیث کی روشنی میں سخت وعید

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے: "اللہ تمہیں حکم دیتا ہے کہ امانتیں ان کے اہل کو پہنچا دو" (سورۃ النساء: 58) اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "جو شخص اللہ کے مال میں بغیر حق کے تصرف کرے، اس کا ٹھکانہ جہنم ہے" (صحیح بخاری) وقف کا مال "اللہ کا مال" ہے۔ اس میں خیانت صرف قانونی جرم نہیں، بلکہ ایک دینی و اخلاقی تباہی ہے جس کا انجام صرف عدالت میں نہیں، بلکہ آخرت کے کٹہرے میں بھی ہے۔

### فقہی موقف—امت کا اجماعی نظریہ

تمام فقہی مکاتبِ فکر اس بات پر متفق ہیں کہ:

"الوقف حبس العين وتسبيل المنفعة"

یعنی: "وقف میں اصل مال کو روک دیا جاتا ہے اور اس کی آمدنی اللہ کی راہ میں جاری کی جاتی ہے۔" لہٰذا وقف کی زمین یا جائیداد کو فروخت کرنا، ذاتی فائدے کے لیے استعمال کرنا، یا غیر مستحقین کو دینا سخت حرام ہے۔ ملت کا نقصان: امیر لوٹ رہا ہے، مستحقین محروم ہیں! کیوں؟ یہ سوال ہر مسلمان کے ضمیر کو جھنجھوڑنے کے لیے کافی ہے: "امیر لوٹ رہا ہے، مستحقین محروم ہیں! کیوں؟" "کیا ہم نے اس لیے وقف کیا تھا کہ قوم کے سرمایہ پر بااثر لوگ قبضہ کریں؟ کیا یتیم، بیوہ، مسافر، طالبعلم اور بیمار اسی لیے محروم رہیں کہ ہم نے اپنی خاموشی سے ظالموں کو مضبوط کر دیا؟ یہ امانت خدا کی تھی، جسے ہم نے رشوت، تعلقات، اور سیاسی مفادات کے نام پر چوروں کے حوالے کر دیا۔

### کیا ہونا چاہیے؟—اصلاحی لائحہ عمل

1. ڈیجیٹل شفافیت: تمام وقف جائیدادوں کو آن لائن ریکارڈ کیا جائے، جسے ہر عام شخص دیکھ سکے۔
2. قانونی کارروائی: ناجائز قبضے کرنے والوں پر فوجداری مقدمے قائم ہوں۔
3. جوابدہی کا نظام: وقف متولیوں کا تقرر علم، دیانت اور شفافیت کی بنیاد پر کیا جائے۔
4. عوامی بیداری: مساجد کے خطبات، دینی جلسے، سوشل میڈیا، اور تعلیمی اداروں میں وقف کی اہمیت اور کرپشن کے خلاف بیداری مہم چلائی جائے۔
5. مخلص قیادت: وقف بورڈز اور متعلقہ اداروں میں صرف دیانتدار، ملت کے ہمدرد اور قانون جاننے والے افراد کو شامل کیا جائے۔

### یہ وقت ہے جاگنے کا

اگر ہم نے اب بھی آنکھیں بند رکھیں، تو وہ ادارہ جو کبھی امت کی فلاح کی علامت تھا، وہ کرپشن، ناانصافی، اور دینی خیانت کی پہچان بن جائے گا۔ وقت آ گیا ہے کہ ہم متحد ہو کر اپنے اثاثوں کو بچائیں، وقف کی اصل روح کو زندہ کریں، اور اللہ کی دی ہوئی اس امانت کی حفاظت کریں۔ ورنہ کل بروز قیامت ہم سے یہ سوال ضرور ہوگا: "تم نے یتیموں کا حق کیوں چھینا؟" "یہ نہ سمجھو کہ تم غریبوں کا حق چھین رہے ہو، دراصل تم اپنی آخرت کا سرمایہ لٹا رہے ہو"

## وقف کی زمین: کس طرح بدعنوانی ایک معاشرہ کی دولت کو نچوڑ رہی ہے

وقف املاک مسلم قوم کی بھلائی کے لیے خیرات میں دیے گئے تھے، جو بدعنوانی، غصب اور سیاست دانوں کے غلط استعمال کی وجہ سے عرصے سے غیر محفوظ ہوگئے ہیں۔ پورے ہندوستان میں ان زمینوں کے ہزاروں ایکڑ جس کا مقصد تعلیم، ہیلتھ کیئر اور معاشرتی بھلائی کے لیے تھا، یہ غیر قانونی طریقے سے منتقل کیے گئے، بدانتظامی اور لیز پر دیے گئے بہت ہی کم قیمت پر۔ اس معاملے کی وسعت بہت ہی حیران کن ہے۔ جنوب میں کرناٹکہ کے علاقے سے لے کر شمال میں دلہی تک، وقف بورڈ کی حفاظت کرنے کے بجائے جو اس کے ذمہ دار ہیں، ان املاک کو نظامی طور پر لوٹ لیا سیاست دانوں سے، بورڈ کے افسران اور رییل اسٹیٹ کے مافیاؤں سے ملی بھگت کر کے۔ وقف املاک سے متعلق بدعنوانے کی بڑی وسعت ہے جس کا فیصلہ کیا جاسکتا ہے، کرناٹکہ میں وقف کی زمین کے بدانتظام کرنے کی وضاحت سے۔ 2012 میں کرناٹکہ اسٹیٹ مینوریٹی کمشن نے ایک رپورٹ جمع کی اس وقت کے وزیر اعلی ڈی وی سدانند گوڑا کو، یہ واضح کرتیں ہیں کہ وقف کی زمین تقریباً 27 ایکڑ کے غلط طریقے سے تخصیص کیے گئے تھے اور ان کے غلط استعمال کیے گئے تھے۔ ایک تخمینہ کے مطابق جو نقصان ہوا ہے حیرت کون ہے، جو کہ دو ٹریلین (دو لاکھ کروڑ)، یہ تخمینہ آج کے وقت اور بھی زیادہ ہوجاتا ہے جیسا کہ زمین کی قیمت عجلت سے بڑھ رہی ہے۔ کرناٹکہ میں وقف بورڈ کی آدھی زمین کھوگئی ہے، بدعنوانی کی وجہ سے، اور یہ کام انجام دیا گیا بورڈ کے ممبروں کے ذریعے جو لوگ سیاستدانوں اور رییل اسٹیٹ مافیاؤں کے ساتھ ملکجل کر کر رہے ہیں۔ اسکولوں، اسپتالوں اور قوم کے بھلائی کے ادارے بنانے کے بجائے، یہ زمین یا تو غیر قانونی طریقے سے فروخت کر دیے گئے یا ذاتی کمپنیوں کو دے دی گئی، بازاری قیمت کے بہت ہی کم قیمت پر۔ اس دھوکہ دھڑی کی وسعت کے باوجود، ایک چھوٹی سی کوشش کی جارہی ہے کھوئی ہوئی زمین کو واپس کرنے یا ان لوگوں کو پکڑنے کے لیے جو اس کے ذمہ دار اور محتسب ہیں۔ وقف بورڈ کے اندر بدعنوانی کرناٹکہ تک محدود نہیں ہے۔ دلہی میں انفورسمنٹ ڈائریکٹریٹ (ED) حال فی الحال میں امانت اللہ خان کے بارے میں تفتیش کر رہے ہیں، جو کہ دلہی وقف بورڈ کے سابق چیئرمین تھے، سنجیدہ الزامات لگائے گئے ہیں، غیر قانون طریقے سے اثاثے جمع کرنے، بورڈ کے اندر 30 سے زیادہ افراد کی غیر قانونی طور سے تقرری کرنے، وقف املاک کو غیر قانونی طریقے سے لیز پر دینا شامل ہے۔ کون سی ایسی چیز ہے جو اس معاملہ کو زیادہ دلچسپ بنا دیتی ہے وہ یہ ہے کہ یہ شکایت ان غیر قانونی کے خلاف خود مسلم قوم کے ممبروں نے درج کیا ہے، جو مایوسی اور دھوکے پر روشنی ڈالتے ہیں، جن کا ان لوگوں کو احساس ہوا اور وہ سیدھے طور پر اس بدانتظامی سے متاثر ہوئے۔ قوم کی دولت کا صحیح محافظ کی طرح خدمت کرنے کے بجائے، دلہی میں وقف بورڈ سیاسی و مالی فوائد کا ہتھیار بن گئے، مزید انہوں نے اس ادارے پر بھروسہ کو ختم کیا۔ جنوب میں مزید خبر آئی، تیلنگانہ وقف بورڈ جس پر بے شمار زمین غصب کرنے کے معاملات درج ہیں، خاص کر کے رنگاریڈی ضلع کے گھٹکیسر منڈل اور میڈی پلی منڈل میں۔ ماضی کے عرصے میں، زمین کے معتبر حصے پر ان علاقوں میں غصب کرنے والوں کے ذریعے زبردستی قبضہ کر لیے گئے، انہیں یہ حمایت حاصل ہوئی بورڈ کے نااہلی کی وجہ سے۔ بے شمار مثالیں ایسے ہیں کہ غصب کرنے والے بہت ساری عدالتوں میں تحریری شکایت درج کی، ان وقف املاک کی ملکیت پر دعوی کرنے کے لیے، اور بورڈ یا تو ان معاملات کا جائزہ لینے سے ناکام ہوگئے یا وقت پر انہوں نے شکایت درج نہیں کی، جس کی وجہ سے مزید نقصان کا سامنا ہوا۔ یہاں تک کہ کچھ اداروں کے بارے میں عدالتوں نے وقف بورڈ کی حمایت میں فیصلہ سنایا، افسران نے ان املاک کو دوبارہ حاصل کرنے پر دلچسپی ظاہر نہیں کی، اور ان جگہوں پر غیر قانونی قبضہ مسلسل جاری رہنے کی اجازت دے دی، یہ نااہلی، بدعنوانی یا سیاسی دبدبے کی وجہ سے ہوا۔ بورڈ کی ناکامی اس کے عمل نہ کرنے کی وجہ سے ہوا ہے، جس کا نتیجہ قوم کے اثاثے کے بڑے نقصان کے طور پر سامنے آیا، جس کی حفاظت کی جاسکتی تھی۔ وقف بورڈ کے اندر یہ بحران انتظامی ناکامی کا ایک بڑی شکل ہے۔ ان ادارے کی حفاظت کرنے کے لیے بنیاد ڈالی گئی تھی، تاکہ اس قوم کی دولت تعلیم، معاشرتی بھلائی اور معاشی ترقی کے لیے استعمال کیا جائے۔ لیکن اس کے بجائے، انہوں نے اسے اپنے فائدے بنانے کے ذرائع بنا لیے ہیں۔ مختلف ریاستوں میں مسلسل ہونے والے موضاعات جیسا کہ سیاسی دخل اندازی بورڈ کے تقرری میں، افسران اور زمین مافیاؤں کے بیچ ملی بھگت، ریاستی حکومتوں کی ناکامی پر روشنی ڈالتے ہیں، یہ مشکلات کتنے گہرے ہوتے جارہے ہیں۔ زمین کا ہر ایک ایکڑ جو کھوگئی ہے وہ اس قوم کی کھوئی ہوئی مواقع کو دکھاتے ہیں، اور مستقبل نسلوں کی ضروری وسائل اور خدمتوں سے محروم کر رہے ہیں۔ اگر بدعنوانی اور نظر اندازی کا تسلسل توڑ دیا جائے، تو فوری اصلاحات کی ضرورت ہے، وقف بورڈ کے معاملات میں بڑی شفافیت لانے کے لیے، سختی قانونی عمل ضروری ہے ان لوگوں کے خلاف جو بدانتظامی کے ذمہ دار ہے، زمین کی ڈیجیٹل رجسٹری کا نفاذ ضروری ہے تاکہ اس کی نگرانی کر سکے اور وقف املاک کی حفاظت کرے، یہ اہم اقدام ہے۔ مزید براں، آزادانہ نگرانی کرنے والی اداروں کی بنیاد رکھنا ضروری ہے جو منتقلی کی نگرانی کرے اور غصب کرنے والے پر قانونی لڑائی کو بہت ہی ذمہ داری سے یقینی بنائے۔ بغیر کسی نظامی تبدیلیوں کے وقف اثاثے پر مسلسل لوٹ مار ہوتی رہے گی۔ مزید اس نظام کو کمزور کردے گی، جس کا صحیح مقصد قوم کی ترقی تھی، وقف املاک کی مستقبل منحصر ہے کہ یہ بورڈ کی اصلاحات کی جاسکتی ہے جو ان کے بنائے گئے مقصد کو پورا کریں، نہ کہ وہ غلط استعمال کی گاڑیاں بن جائے۔ یہ عمل کرنے کا صحیح وقت ہے۔ اس سے پہلے کہ اس قوم کے قابل قدر دولت ہمیشہ کے لیے کھوجائے۔

ریشم فاطمہ
انٹرنیشنل ریلیشنس میں ماسٹر،
جواہر لال نہرو یونیورسٹی

## عالمی صحت ادارہ نے پاکستان پر سفری پابندیوں میں توسیع کردی

اسلام آباد۔ 14/اپریل۔ ایم این این۔ عالمی صحت ادارہ نے پاکستان پر سفری پابندیوں میں توسیع کردی ہے۔ فیصلہ 6 مارچ کو ہونے والے ڈبلیو ایچ او کی ہنگامی کمیٹی کے 41 ویں اجلاس میں کیا گیا، جس میں پولیو سے متاثرہ ممالک کے حکام نے ویڈیو لنک کے ذریعے شرکت کی۔ ڈبلیو ایچ او کے مطابق کمیٹی نے پولیو کے عالمی پھیلاؤ کے ساتھ ساتھ پاکستان کی صورتحال اور وائرس پر قابو پانے کے لیے حکومتی کوششوں کا بھی جائزہ لیا۔ کمیٹی کے نتائج میں کہا گیا ہے کہ پاکستان اور افغانستان پولیو کے خاتمے کی عالمی کوششوں کے لیے بدستور خطرہ ہیں۔ دونوں ممالک کو پولیو وائرس کے جاری بین الاقوامی پھیلاؤ کا ذمہ دار ٹھہرایا گیا ہے۔ جہاں ڈبلیو ایچ او نے پاکستان کے انسداد پولیو کے اقدامات پر اطمینان کا اظہار کیا اور اس کی مہمات کے معیار پر اعتماد کا اظہار کیا، کمیٹی نے نوٹ کیا کہ صوبائی اور ضلعی سطح پر بہتری کی ابھی بھی گنجائش ہے۔ تشویشناک بات یہ ہے کہ پاکستان میں پولیو کے مثبت ماحولیاتی نمونوں میں نمایاں اضافہ ہوا ہے، 2023 اور 2024 کے درمیان رپورٹ ہونے والے کیسز میں بارہ گنا اضافہ ہوا ہے۔ صرف اس سال ملک بھر میں 628 پولیو پازیٹو ماحولیاتی نمونے رپورٹ ہوئے ہیں، نئے اضلاع بھی جنگلی پولیو وائرس سے متاثر ہوئے ہیں۔

## ایران کے شہر مہرستان میں آٹھ پاکستانی شہریوں کا قتل: 'مرنے والوں کے ہاتھ، پاؤں بندھے ہوئے تھے، کمر میں گولیاں ماری گئیں'

زبیر خان پاکستان میں حکام نے ایران کے صوبہ سیستان بلوچستان کے شہر مہرستان میں نامعلوم مسلح افراد کی گولیوں کا نشانہ بننے والے آٹھ پاکستانی شہریوں کے ناموں اور شناخت کی تصدیق کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہلاک ہونے والوں کی میتیں ملک واپس لانے کے لیے کیے جانے والے انتظامات آخری مراحل میں ہیں۔ ایک ایرانی خبر رساں ادارے اور ہلاک ہونے والوں کے پاکستان میں موجود ایک رشتہ دار نے دعویٰ کیا ہے کہ جب آٹھ پاکستانیوں کی لاشوں کو جائے وقوعہ سے برآمد کیا گیا تو اُن کے ہاتھ، پیر بندھے ہوئے تھے جبکہ ان افراد کو کمر پر گولیاں ماری گئی ہیں اور اُن کی لاشوں کی منھ دیوار کی طرف تھے۔ تاہم اِن دعوؤں کی سرکاری طور پر تصدیق نہیں ہوسکی ہے۔ یہ تمام پاکستانی گاڑیوں کی مرمت کرنے والی ایک ہی ورکشاپ میں کام کرتے تھے اور ان کی رہائش بھی ایک ہی کمرے میں تھی۔ اس واقعے کی ذمہ داری ایک غیر معروف کالعدم تنظیم بلوچ نیشنلسٹ آرمی (بی این اے) کی جانب سے قبول کی گئی ہے۔ ایران میں پاکستان کے سفیر محمد مدثر کے مطابق مہرستان میں ہلاک ہونے والے پاکستانی شہریوں کا تعلق صوبہ پنجاب کے ضلع بہاولپور سے ہے اور اُن کی شناخت محمد عامر، محمد دلشاد، محمد ناصر، ملک جمشید، محمد دانش، محمد نعیم، غلام جعفر اور محمد خالد کے ناموں سے کی گئی ہے۔ ہلاک ہونے والوں میں باپ، بیٹے سمیت ایک ہی خاندان کے متعدد افراد بھی شامل ہیں۔ وزیر اعظم پاکستان شہباز شریف نے مہرستان میں آٹھ پاکستانیوں کی ہلاکت پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے ایرانی حکومت سے ملزمان کی فوری گرفتاری کا مطالبہ کیا ہے۔ ایران نے اس واقعے کی مذمت کرتے ہوئے اسے 'غیر انسانی اور بزدلانہ مسلح کارروائی' قرار دیا ہے۔ اسلام آباد میں ایرانی سفارتخانے کے بیان میں کہا گیا ہے کہ 'دہشت گردی پورے خطے میں ایک دیرینہ اور مشترکہ خطرہ ہے جس کے ذریعے غدار عناصر بین الاقوامی دہشت گردوں کے ساتھ مل کر پورے خطے میں سلامتی اور استحکام کو نشانہ بناتے ہیں۔'

### 'دلشاد بے روزگاری کی وجہ سے ایران گئے تھے'

محمد دلشاد اُن آٹھ پاکستانی شہریوں میں شامل ہیں جنھیں سنیچر کو ایرانی صوبے سیستان بلوچستان میں نامعلوم مسلح افراد نے گولیاں مار کر ہلاک کیا ہے۔ محمد دلشاد کے بڑے بھائی محمد ارشد نے بی بی سی اُردو کو بتایا کہ دلشاد نے سوگواران میں بیوہ اور چار بچے چھوڑے ہیں۔ محمد ارشد کے مطابق 'بھائی دلشاد نے رمضان میں فیصلہ کیا تھا کہ وہ اب ایران میں اپنی ورکشاپ ہمیشہ کے لیے ختم کر کے پاکستان منتقل ہوجائیں گے کیونکہ اُن کے مطابق اب وہاں پر امن وامان کی خراب صورتحال کی وجہ سے کمائی کم ہوگئی تھی۔ مگر سرحد بند ہونے کی وجہ سے انھیں وہاں پر ہی رُکنا پڑا۔' انھوں نے مزید کہا کہ 'دلشاد نو، دس سال پہلے بہاولپور ہی میں ڈینٹنگ کا کام کرتے تھے۔ کچھ سال پہلے تک کام اچھا تھا مگر پھر اچانک حالات تبدیل ہوئے اور کام مندی کا شکار ہونا شروع ہوگیا۔ دلشاد سارا سارا دن بیکار رہتے اور پھر وہ مکمل بے روزگار ہوگئے۔' محمد ارشد کا کہنا تھا کہ 'دلشاد کو کسی نے بتایا کہ ایران میں اچھا کام ہے اور وہاں پر ڈینٹنگ کا کام کرنے والوں کی ضرورت بھی ہے۔ جس کے بعد پہلے وہ اکیلے ایران گئے۔ وہاں پر کسی کے ساتھ کام کرتے رہے پھر بعد میں انھوں نے وہاں پر اپنی ورکشاپ بنالی تھی۔' اُن کا کہنا تھا کہ 'اس ورکشاپ کے لیے وہ بہاولپور سے کاریگر لے کر جاتے تھے۔ وہاں پر ان ہنر مندوں کو بھی اچھی تنخواہ ملتی تھی۔ کچھ عرصہ قبل وہ اپنے بیٹے محمد دانش، بھتیجے محمد ظہیر، بھانجے محمد نعیم کو بھی لے گئے تھے تاکہ یہ لوگ بھی برسر روزگار ہوجائیں۔' محمد ارشد کا کہنا تھا کہ 'کچھ عرصے سے ایران میں بھی کام اچھا نہیں تھا۔ دلشاد بتاتے تھے کہ اب وہاں بھی امن وامان کی صورتحال خراب ہوچکی تھی۔ وہاں پر پنجاب کے رہنے والوں کو دھمکیاں مل رہی تھیں جبکہ کچھ عرصہ قبل بھی ایسا ایک اور واقعہ پیش آچکا تھا۔ جس کے بعد بھائی دلشاد نے فیصلہ کیا کہ وہ اس ورکشاپ کو بند کر کے واپس پاکستان آجائیں گے۔' اُن کا کہنا تھا کہ 'بھائی کا پروگرام تو یہ تھا کہ وہ رمضان میں واپس آجائیں گے مگر بارڈر بند ہونے کی وجہ سے ایسا ممکن نہیں ہوسکا اور وہ بس انتظار میں رہے۔' 'ہلاک ہونے والوں کے ہاتھ، پاؤں باندھے گئے تھے' محمد ارشد نے بی بی سی کو بتایا کہ 'اس واقعے سے پہلے میری بھابھی نے فون کیا تو دلشاد نے انھیں کہا کہ ابھی ہم کھانا کھا رہے ہیں۔ کھانا کھالیں تو آپ کو فون کرتے ہیں یا آپ فون کر لینا۔ جس کے بعد بھابھی اپنے کام کاج میں مصروف ہوگئیں۔' ان کا کہنا تھا کہ 'جب کافی دیر بعد بھابھی نے دلشاد کو کال کی تو انھوں نے کال نہیں اٹھائی۔ پھر انھوں نے اپنے بیٹے دانش اور بھتیجے ظہیر کو بھی کال کی تو وہ بھی فون نہیں اٹھا رہے تھے۔ عموماً ایسا نہیں ہوتا تھا۔' محمد ارشد کا کہنا تھا کہ اس صورتحال کے باعث ان کی 'بھابی گھبرا گئیں اور انھوں نے ہم سب کو اطلاع کی جس کے بعد ہم لوگ بھی کوشش کرتے رہے مگر رابطہ نہیں ہو رہا تھا۔ تھوڑی دیر بعد ہمیں وہاں پر موجود پنجاب کے کچھ اور لوگوں نے اطلاع کی یہ کہ واقعہ ہوگیا ہے۔' ان کا کہنا تھا 'ابتدائی طور پر ہمیں پتا چلا کہ جب یہ لوگ کھانا کھا چکے تھے تو اس کے بعد مسلح نقاب پوش ان کے رہائش کے کمرے میں داخل ہوئے اور انھیں قتل کر دیا۔' محمد اصغر بہاولپور کے علاقے خانقاہ شریف میں ہی ٹیلر ماسٹر ہیں۔ وہ ہلاک ہونے والے محمد نعیم اور محمد عامر کے کزن ہیں۔ محمد اصغر کہتے ہیں کہ 'ہم تک جو اطلاعات پہنچی ہیں ان کے مطابق ان آٹھ کے آٹھ لوگوں کی لاشیں ان کی رہائش کے کمرے سے ملی ہیں۔ ان کے بازو پیچھے سے باندھے گئے تھے اور ان کو کمر پر گولیاں لگی ہیں۔ ان کی لاشوں کے منھ دیوار کی طرف تھے۔' ایرانی خبر رساں ادارے 'حل وش' کی خبر کے مطابق گاؤں میں واقع اس ورکشاپ میں گاڑیوں کی مرمت کا کام کیا جاتا تھا اور یہ افراد اسی ورکشاپ میں سوتے تھے۔ مقامی ذرائع نے 'حل وش' کو بتایا کہ حملہ آور ورکشاپ میں داخل ہوئے، وہاں موجود افراد کے ہاتھ پیر باندھ دیے اور اُن پر گولیاں چلائیں۔' تاہم اصغر کی جانب سے کیے جانے والے ان دعوؤں کی سرکاری طور پر تصدیق نہیں ہوسکی ہے۔

### 'نعیم نے اپنی شادی کے لیے واپس آنا تھا'

محمد اصغر بتاتے ہیں کہ 'نعیم کو اُستاد دلشاد ایک سال پہلے اپنے ساتھ ایران لے کر گئے تھے۔ نعیم بہاولپور ہی میں ڈینٹنگ کا کام کرتا تھا۔ نعیم کی منگنی ہو چکی تھی اور شادی ہونا تھی جبکہ بہاولپور میں انھیں کم آمدن ہوتی تھی۔ جس بنا پر جب ایک سال پہلے دلشاد استاد آئے تو نعیم نے ان سے درخواست کی کہ ان کو بھی ساتھ لے جائیں جس پر استاد دلشاد نعیم کو بھی ساتھ لے گئے تھے۔' محمد اصغر کا کہنا تھا کہ 'ایک سال کے دوران نعیم نے محنت مزدوری کر کے اپنی شادی کے اخراجات پورے کر لیے تھے۔ توقع تو یہ تھی کہ وہ رمضان میں واپس آجاتے اور پھر عید کے بعد شادی ہونا تھی مگر بارڈر بند ہونے کی وجہ سے واپس نہیں آسکے تھے۔' ان کا کہنا تھا کہ 'واقعہ سے پہلے میری نعیم کے ساتھ بات ہوئی تھی۔ وہ کہہ رہے تھے کہ جیسے ہی بارڈر کھلا وہ واپس آجائیں گے اور شادی کے بعد واپس نہیں جائیں گے کیونکہ وہاں اب پنجابیوں کے لیے حالات اچھے نہیں ہیں۔ وہاں پر ہمیں دھمکیاں ملتی ہیں۔' نعیم نے بتایا تھا کہ جب وہ عید کی نماز کے لیے گئے تو وہاں ان کو دھمکیاں ملی تھیں۔' محمد اصغر کا مزید کہنا تھا کہ نعیم کی عمر 25 سال تھی جبکہ عامر کی عمر صرف بیس سال تھی۔ یہ دونوں ایک ساتھ ہی ایران گئے تھے۔

### 'اب انتظار ہے کہ میتیں کب آئیں گی'

محمد ارشد بتاتے ہیں کہ 'ظہیر کی بھی شادی ہونا تھی۔ اس کی شادی کی تاریخ عید کے بعد تھی مگر وہ نہ آسکے۔ ظہیر اور نعیم کی شادی کی آگے پیچھے کی تاریخیں ہی طے تھیں۔ ہمارے علاقوں میں شادی روایتی دھوم دھام سے ہوتی ہے اور ہر کسی کو ان کے آنے کا انتظار تھا۔' مگر اب اس بات کا انتظار کیا جارہا ہے کہ ان کی میتیں کب آئیں گی۔' جس وقت بی بی سی نے محمد اصغر سے بات کی تو اُن کے مطابق اس وقت تک اس واقعے کو پیش آئے ڈیڑھ دن گزر چکا تھا۔ ان کا کہنا تھا کہ 'ابھی تک ہمیں نہیں پتا کہ لاشیں کدھر ہیں اور کب پاکستان پہنچیں گی۔ ہمیں میڈیا اور سوشل میڈیا کے ذریعے مختلف اطلاعات پہنچ رہی ہیں۔ ابھی تک اعلیٰ احکام اور حکومت نے کچھ نہیں بتایا ہے۔' ان کا کہنا تھا کہ 'اس وقت پورا علاقہ سوگ میں ڈوبا ہوا ہے۔' محمد ارشد کہتے ہیں کہ 'ایران میں ہمارے وہاں پر رابطے بہت محدود ہیں۔ جن لوگوں سے رابطے ہیں وہ بھی بہت خوفزدہ ہیں۔ ان کے پاس بھی معلومات کم ہیں۔' ان کا کہنا تھا کہ 'ہم چاہتے ہیں کہ لاشیں جلد از جلد ہمارے سپرد کی جائیں تاکہ ہم عزت و احترام کے ساتھ ان کی تدفین کر سکیں۔' کالعدم بلوچ نیشنلسٹ آرمی (بی این اے) کے بارے میں ہم کیا جانتے ہیں؟ ایران کے سیستان بلوچستان کے ضلع مہرستان میں آٹھ پاکستانی شہریوں کو ہلاک کرنے کی ذمہ داری کا دعویٰ ایک غیر معروف تنظیم کالعدم بی این اے یعنی بلوچ نیشنلسٹ آرمی کی جانب سے کیا گیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق جنوری 2022 میں کالعدم بلوچ رپبلکن آرمی (گلزار امام گروپ) اور کالعدم یونائیٹڈ بلوچ آرمی کے انضمام سے کالعدم بی این اے کی تشکیل کی گئی۔ اس کے پہلے سربراہ کے طور پر بلوچستان کے ایران سے متصل ضلع پنجگور سے تعلق رکھنے والے 'گلزار امام شنبے' کا نام سے سامنے آیا۔ پاکستان کے صوبہ بلوچستان میں تشدد کی زیادہ تر کارروائیوں کی ذمہ داریاں کالعدم بلوچ لبریشن آرمی، کالعدم بلوچستان لبریشن فرنٹ اور بی ایل اے اور بی ایل ایف سمیت دیگر مسلح تنظیموں کے اتحاد براس یعنی بلوچ راجی آجوئی سنگر کی جانب سے قبول کی جاتی رہی ہیں۔ تاہم کالعدم بی این اے کی جانب سے مکران ڈویژن کے دو اضلاع پنجگور اور کیچ سے تشدد کے چند ایک واقعات کی ذمہ داری قبول کی جاتی رہیں۔ اپریل سنہ 2023 میں بی این اے کے پہلے سربراہ گلزار امام کی گرفتاری ظاہر کی گئی اور اس حوالے سے پاکستانی فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کی جانب سے جاری ہونے والے ایک بیان میں یہ کہا گیا کہ انھیں بلوچستان میں شدت پسندوں کے خلاف ہونے والے ایک آپریشن کے دوران گرفتار کیا گیا۔ اس سے قبل سنہ 2022 کے آخر میں گلزار امام کے بارے میں بی این اے کی جانب سے یہ کہا گیا تھا کہ گلزام امام پاکستانی اداروں کی تحویل میں ہیں جبکہ اس حوالے سے ایسی اطلاعات بھی سامنے آتی رہیں کہ گلزار امام کو ترکیہ سے حراست میں لیے جانے کے بعد پاکستانی حکام کے حوالے کیا گیا۔ گلزار امام شنبے کی گرفتاری کے بعد بلوچستان کے ضلع مستونگ سے تعلق رکھنے والے سرفراز بنگلزئی کا نام اس تنظیم کے دوسرے سربراہ کے طور پر سامنے آیا لیکن انھوں نے گزشتہ سال ہتھیار ڈال دیے تھے جسے پاکستانی حکام کی جانب سے ان کی جانب سے قومی دھارے میں شامل ہونے کا نام دیا گیا۔ مذکورہ تنظیم کی جانب سے طویل عرصے بعد ایران کے کسی علاقے میں اپنی نوعیت کے کسی بڑی کارروائی کی ذمہ داری قبول کرنے کا دعویٰ ہے تاہم ابھی تک ایران اور پاکستان میں سرکاری سطح اس کی تصدیق ہونا باقی ہے۔

(بی بی سی اُردو)

